To brother Shaykh Jamāl: He is himself the Beautiful (*Jamīl*) and Beauty (*Jamāl*); gazing at the beauty of the beloved is the real union; seeing oneself as right, correct and graceful, elegant, that is decadence; He has no peer in the domain[81] of qualities; in the uninhabited wilderness of companionship he has no flight and no place; "*Allahu Jamīlun wa yuhibbu al-jamāl*" (God is beautiful and He loves beauty);[82] seeing oneself as oneself, that is imagination (*kyayāl*); is the knower of this secret of Bilāl[83] and Salmān[84] (the Persian); the face of the beloved has no black moles and down on the cheeks;[85] at this point there is no room for expressing opinions;[86] every state (*ḥāl*) is their function and state. Understood who understood.

To my brother Shāh Niʿmatullāh: A person who is not entrusted with secrets has no passage in this alleyway; no unworthy person is admitted as a servant of the king; with perpetual *dhikr* (invocation, *japa*), with perfect, integral *fikr* (meditation);[87] the claim of being a lover is thus not supported by that witness; no one except the lover is blackened faced;[88] seeker of this world would find no respect in this high pedestal;[89] the lover has no eye for the glory and splendour of this world; world is lesser than a dry leaf of grass in the eyes of the lover; the lover has no inclination to find the treasure-trove; the heart of the lover cannot spare a moment that is without sigh and lament; the exalted Qalandar has no need of the water well and the mosque;[90] he has no concern for the pleasures and bliss of the Garden or the torments of Fire; Understood who understood.

To brother Shaykh Ghulām Muḥyi al-Dīn: The seeker of his Lord is free of all cares; it is because God looks after his needs and is his sufficiency; his foot hits neither the high or the low; the lover is himself lofty and elevated; this tale is from far away, from the distances; so that you do not consider this just a manner of speaking, metaphorical; the lover is an eagle who soars high; privy to the secrets of the solitary bedchamber of the beloved; so that he is always with a burning desire and a rhythm; he is melting from his head to his spirit; that thou should not think that the lover is without *namāz* (ritual worship); Understood who understood.

To brother Ghulām Muḥyi al-Dīn: the lover is the man of stability; perpetually steeped in the vision of the beloved;[۹۱] cares nothing for the scholars robe and the turban; does not concern himself with prayer and fasting; he is loath to the abode in the Garden and the shade of Ṭūbā;[۹۲] that you do not think that the lover is like a mad man, though very alert for his own undertaking. Understood who understood.

***

# رقعات سرمد[ اردو]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

برادرم محمد رحیم کے لیے: یوں ہے کہ رحیم و کریم، قہّار وجبّار، ستّار وغفّار اسمائے صفاتی ہیں، صرف اللہ اسمِ ذات ہے۔ اے عزیز! صفاتِ خداوندی ذات سے ہیں، سو اس میں تعجب کی کیا بات ہے؛ عاشق کے لیے ہر دن عید اور ہر رات شب برات ہے؛ کہ وہی تو دائم در ملاقات ہے؛ نہ اس کے لیے بندِ حیات ہے نہ قیدِ ممات ہے۔ کہتے ہیں کہ اناللہ وانا الیہ راجعون از قبیلِ اشارات ہے؛ والسلام علینا و علی عباد اللہ الصالحین در التحیات ہے؛ تا کہ ہر خاص و عام جان لے کہ دوست کو دوست سے التفات ہے۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا؛ عقل و نفس رام ہوئے، مقصود تمام ہوا۔

* * *

مردِ مصلّی نماز گذار کے لیے: اے عربدہ باز کب تک یہ جھگڑا بازی! نماز اور مصلّے کا کیا کھیل بنا رکھا ہے؟ فقیروں سے یہ دھوکے بازی مت کر؛ کھیل، کھلواڑ، باپ کی داڑھی سے کھلواڑ یا کہ قلندروں کی ریش و بروت سے کھلواڑ؛ اے مردِ ملاّ، اے مرد قاضی! فقیر صحبتِ ناجنس سے کب ہوا ہے راضی؛ قلندر کے سر میں ہے بے نیازی؛ کہاں کی شاہد بازی؛ نہ طالبِ زر نہ انسان کی صورت میں بارِ خر؛ نہ عربی گھوڑوں کا شوق نہ ترکی گھوڑوں کا؛ نہ کھیل سے میلان؛ نہ مائلِ حال ہے، نہ مستقبل کا طلب گار، نہ ماضی کی یاد میں ڈوبا ہوا؛ قلندرِ والا مقام کا یہی طور طریقہ ہے اے مردِ نمازی!

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

اے خود نما! یہ دکھاوا کب تلک؟ اور اے بادپیما، یہ کارِ بے مصرف کب تلک؟ اے غیر آشنا، عاشقانِ شیدائی سے کس آشنائی کی بات کر رہا ہے؛ اگر پلے کچھ ہے تو لا، دکھا، ورنہ یہ کیا خود نمائی کیے جا رہا ہے؛ تو حلوائی کی دوکان پر مکھی کی طرح ہے؛ قلندرِ والا مقام کو کلچا کیا اور نان خطائی کیا؛ اے عاشق ہر جائی، تو کہاں اور انسان ہونا کہاں؛ ہماری آنکھیں لگی ہوئی ہیں کہ تو کیا دکھائے گا؛ ہم ہمہ گوش ہیں کہ تو کیا فرمائے گا؛ دکھاؤ وہی جو دیکھا ہو، اسے دیکھنا کہیں گے؛ کہو وہی جو سنا ہو، اسے شنوائی کہا جائے گا؛ اگر مرد ہو تو مردی آزماؤ ورنہ طائفۂ مرداں میں رسوا ہو کر رہ جاؤ گے، اے مردِ دہقان۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم نعمت اللہ شاہ کے لیے: بات یوں ہے کہ بحرِ وحدت ایسا گہرا ہے کہ دونوں جہان اس میں ڈوبے ہوئے ہیں؛ اس سمندر کے پیراک کا رفیق کون! وہ جو خود حقیقتاً مُوَحّد ہو؛ پس اے عزیز مُوَحّد وہ ہے جو نہ شاہد جانے نہ مشہود؛ نہ مقصد جانے نہ مقصود؛ نہ رکوع کرنے والے کو جانے نہ مرکوع کو؛ نہ سجدہ گذار جانے نہ مسجود؛ نہ خود کو جانے، نہ جانے موجود؛ نہ بندہ جانے نہ معبود؛ خود ہی شاہد خود ہی مشہود؛ خود مقصد، خود مقصود؛ خود عابد، خود معبود؛ خود راکع، خود مرکوع؛ خود ساجد، خود مسجود؛ خود ہی خود اور خود موجود؛ خود عدد اور خود معدود؛ رفیع قلندر کا یہی طریق ہے۔ بیان میں آکر بات بکھر جاتی ہے؛ اگر یہ نکتہ پالیا تو تم ہم میں سے ہوئے وگرہنوز مقامِ تحقیق سے دور۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم عبد النبی کے لیے: دیکھیے، کہنا سننا انسان کا کام ہے؛ جو مَن عرَفَ اللہُ کَلَّ لِسانَہ [جسے اللہ نے گیان دیا اس کی زبان بندی ہوگئی][93] کا راز دار ہوا، وہ اس (عام) انسانی مرتبے کے آگے نکل گیا۔ مردانِ اہل کی یہی نشانی ہے کہ نہ کہ بے نشان کے آثارِ صورت؛ کان کے لعل کی طرح یہی خوب ترین ہے؛ نفسِ حریص کے لیے سرگرداں نہیں؛ مائل بر ہریسہ وروغنی نان نہیں؛ طالبِ قلیہ اور زیر بریاں[94] نہیں؛ شوقینِ کبابِ مرغ اور گوشتِ حلوان نہیں؛ مکھی کی طرح اردگردِ دسترخوان نہیں؛ بن مانگے ملے جو اس کی خواہش ہے؛ قلندرِ والا مقام کی مردوں کی طرح یونہی گذران ہے۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

بندگی شاہ باقی کے لیے: جان لیجیے کہ فقیر وہ ہے جس نے خود کو خود سے چھڑا لیا، نہ وہ جس نے جبّہ ودستار سجا لیا، یا گندم وجو اگا لیا، یا مسجد اور کنواں بنا لیا؛ اے برادر، فقیر وہ ہے جس نے قمار خانۂ عشق میں نقدِ جان کو داؤ پر لگا دیا؛ نہ کہ وہ جس نے سلطان ووزیر کے در پر خود کو گرا دیا! کہا گیا ہے نا کہ ہم تو شاہ وگدا دونوں سے آزاد ہیں، بحمد اللہ۔ وہ جو خاکِ کوچۂ یار ہے، ہمارا بادشاہ ہے۔

* * *

برادرم شیخ نظر باز کے لیے: کسی سے دل نہ لگائیے کہ اس دنیا میں کوئی ہے ہی نہیں؛ اے مردِ بے کس، اللہُ بس، یا رسول اللہ ہوس؛ عاشق کی ہمت ہے اور بس؛ آگے پیچھے دیکھنا کب تلک! یہ گھنٹی کی طرح سانس کھینچنا کب تلک! اے پرندے، اس پنجرے میں چین سے بیٹھ؛ یونہی بے کار پر نہ پھڑ پھڑا! کہا گیا ہے کہ:

اے مرغِ گرفتار مرنے پر راضی ہو جا  کہ محبت کے جال سے اب تیری رہائی نہیں ہونے کی

پھول خواہ گھاس پھونس میں جا گرا ہو، پروانے کا منصب مکھی کو تو نہیں دیا جا سکتا:

اے صاحبِ حسن، وفا کیش ہو جا — کہ اس حسن نے کسی سے وفا نہیں کی

تندرستی کی زکوۃ نکال — اورٹوٹے ہوئے دلوں کی فریاد سن!

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

عبد الرزاق کے نام: اے رزاقِ مطلق! دانا اور احمق کو یکساں روزی دینے والے؛ رفیع قلندر کو کب تلک مغرب سے مشرق تک سرگرداں رکھیے گا؛ حق یہ ہے کہ قبر کنارے تک مسافتِ دنیا بس دم بھر کی ہے؛ جو نصیب میں ہو گا، مل جائے گا، یہ معلق ہے؛ پس خود کو کاہے کے لیے اس بھاگ دوڑ میں ڈال رہا ہے، کبھی اسپِ سفید اور کبھی چتکبرے گھوڑے پر؛ تجھے تو مطلقاً بات ہی نہیں کرنا چاہیے؛ خبرِ صادق (قرآن) میں آیا اور یہی حق ہے کہ لا یُسئَلُ عما یَفْعَلُ... [۹۵] (اس سے اس کے کیے کے بارے نہیں پوچھا جا سکتا مگر وہ سب جواب دہ ہوں گے)؛ پس مدرسہ و خانقاہ میں یہ سبق خوانی کب تلک! اگر مرد ہے تو طالبِ حق بن، اِدھر اُدھر، ناحق آنا جانا مت کر۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم عبد النبی کے لیے: اے برادر، فقیر بے احتیاج ہے؛ صاحبِ تخت و تاج ہے؛ ہزار عالم کا اسے روزانہ خراج ہے؛ نہ قلندر اِس کا، اُس کا محتاج ہے اور نہ بیماروں کی طرح درپۓ علاج ہے۔ ہمارے بھائی کو سمجھ لینا چاہیے کہ اسے دردِ لا دوا ملا ہے، وہ بے علاج ہے۔ جیسا کہ حافظِ شیرازی نے فرمایا تھا: مجھے دیکھ کر طبیب حسرت سے بول اٹھا/ افسوس کہ تیرا مرض قانونِ شفاء سے باہر ہے

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

بندگی سید نظام الدین کے لیے: ہر چند دنیا شہر رنگین ہے لیکن شہر میں وہ آشیاں بندی نہیں کرتے جو شاہ باز و شاہین ہیں؛ کہ ان کی پرواز بیرون از آسمان و زمین ہے؛ منصورِ حلاج کے ساتھ دار پر والا نشین ہیں؛ قلندرِ بلند مقام فارغ از دنیا و دین ہے؛ یہی الا اللہ ہے؛ محمد رسول اللہ ایمان و یقین اور ابتداء چناں و چنیں ہے؛ ''میں ہی لیلیٰ، لیلیٰ'' تو متبدیوں کی بات ہے اور انا الحق منتہی کا حال ہے؛ یہ ہے ابتداء اور انتہا؛ ازیں بیش کچھ نہیں۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

طالبِ خدا کے لیے: طلب واردات میں خود تیرا وجود تیرا حجاب ہے؛ ہر حال میں، مہجوری اور عین وصال میں، اپنے حال میں خود سے گذر جا؛ تبھی اس صاحبِ جمال کا روئے بے نقاب دیکھ سکے گا اور خود کو خود سے دیکھ پائے گا، لا مثال۔ جیسا کہ کہا گیا:

جو کچھ بھی بہ نظر تحقیق دیکھوں — غیر کے ساتھ کہاں جگہ پاؤں!
جب یہ یقین آگیا کہ میرے سوا کچھ نہیں — تو بے خود ہوا اور اپنے ساتھ ہو لیا!

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

***

یارِ عزیز کے لیے: جانیے کہ قلندر بادشاہ ہے؛ صاحبِ تخت و تاج و کلاہ ہے؛ با حشمت و جاہ ہے اور صاحب لشکر و سپاہ ہے؛ خسرو کا تخت اور کلاہِ قباد اس کی نگاہ میں پرِ کاہ ہے؛ اس کے لیے ہر صبح نالہ و آہ ہے؛ نہ ہر کس و ناکس کو اس سے رسم و راہ ہے؛ وہ بندۂ درگاہ ہے اور غلامِ دولت خواہ ہے؛ محمد رسول اللہ اس کا تکیہ و پناہ ہے؛ راہِ وفا میں خاک ہے اور راکھ ہے؛ اس کا ذکر دائم قل ہو اللہ ہے؛ سر میں لا الہ الا اللہ ہے؛ مقصود محمد رسول اللہ ہے؛ محرمِ نسیمِ الٰہی ہے؛ اس کے دعویٰ محبت پر گواہی ہے؛ جانتے ہیں اور دیکھ رہے ہیں کہ بے گناہ ہے؛ پھر بھی خواہی نہ خواہی واجب القتل ہی ٹھہرایا جائے گا؛ عاشق کا دل وہ وسیع خیمہ گاہ ہے جس میں بادشاہ کی خواب گاہ ہے؛ ہر خاص و عام یہاں پڑاؤ نہیں کر سکتا۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

***

برادرم عبدالنبی کے لیے: جانیے کہ قلندر اللہ کا الف ہے؛ وہ ماسوی اللہ کا اسیر نہیں ہے؛ غرض الا اللہ سے ہے؛ اس کا پشتی بان اور پناہ محمد رسول اللہ ہے؛ کہ وہ وصلِ جانِ جاناں سے زندہ ہے۔

***

برادرم غلام محی الدین کے لیے: قلندر لوگ خدا کے یارِ غار ہیں؛ دنیا کے لوگوں سے انھیں کیا سروکار؛ خلق سے بھاگتے، ان کے سامنے اظہار سے گریزاں ہیں؛ ظاہر اور باطن دونوں میں محرمِ اسرار ہیں؛ امر و نہی پر استوار ہیں؛ اسی لیے لائقِ دیدار ہیں؛ خدا پرستی بہت دشوار ہے؛ خود سے گذر جانا کوئی آسان کام نہیں؛ یہ باتیں ہر بیمار کے لیے شربت ہیں؛ اگر تم نے پالیا تو منفعت بے شمار ہے؛ قولِ مشائخ سے استغفار؛ کارِ زاہداں سے بیزار؛ کہ بہ ایں بزرگی ڈاڑھی اور دستار میں گرفتار!

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم فرخ بیگ کے لیے: بساطِ دل اس کے لیے محصول (مقامِ حاصلات) جو لا الہ الا اللہ کے ذکر میں مشغول ہے؛ محمد رسول اللہ موصول (جہاں پہنچے گا) ہے؛ یہ حکایت نہ منطق نہ علمِ اصول؛ عالموں کا علم اس میں مجہول؛ اس مرتبہ ردّو قبول کے لائق ہے؛ یہ دولت مقبولان میں سے ہر ایک کو نہیں ملتی؛ کہیں یہ نہ سمجھنا کہ یہ باتیں بے کار کے لوگوں کی سخن سازی ہے۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم شکر اللہ بخاری کے لیے: جان (آتما) اور جانِ جاناں (پرم آتما) الگ الگ نہیں؛ بندہ خود خدا نہیں؛ خود کو دیکھنا روا نہیں؛ احمد کو دیکھنا خطا نہیں؛ بھینگی آنکھ کی دوا نہیں؛ ظاہر و باطن جز مصطفی نہیں؛ اندھے کو توتیا کا فائدہ نہیں؛ چناں چہ فرمایا انا احمدِ بلا میم (میں بے میم کا احمد ہوں)؛ تاہم یہ صدا ہر بے سروپا شخص کے کانوں کے لیے نہیں۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم محمد تقی کے لیے: کھانا پینا تو بہت ہے مگر حیوان کا جس کی غذا گھاس پھونس ہے نہ کہ انسان جو لقائے یار کا اشتیاق رکھتا ہے؛ چھے رنگ کا پلاؤ تیار ہے؛ منر عفر اور قلیہ و نان بامسالہ و اچار ہے؛ نان، چپاتی، مرغ کے کباب اور حلوان گوشت رکھا ہے؛ لیکن عاشق کے جی کا ان پر مائل ہونا باعثِ عار ہے۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم عبد النبی کے لیے: اے بھائی، دنیا کے لین دین سے ہاتھ اٹھا؛ اس مردار کو چھوڑ؛ دعوے کرنے والوں سے ہوشیار رہ؛ ہمیشہ در استغفار رہ؛ قبر کنارے تک چوکس رہو؛ مائل دیدار رہو؛ عالمِ وجود میں کم آزار رہو؛ بس اس شہر میں جاگتے رہنا؛ اگر مرد ہے تو بردبار بن؛ اللہ والوں کا دوست بن؛ قلندرِ والا مقام کی طرح دل دار کے ساتھ رہ؛ محبت کے دعوے میں استوار رہ۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم شیخ جمال کے لیے: (اللہ) خود جمیل اور خود جمال ہے؛ جمالِ جاناں کی دید، عینِ وصال ہے؛ (خود کو) درست اور اچھا جاننا عینِ زوال ہے؛ خوبیوں کے ذخیرے میں بے مثال؛ بیابانِ محبت میں بے پر و بال ہے؛ اللہ جمیل

ویحب الجمال ہے؛ خود کو خود دیکھنا، یہ خیال ہے؛ حضرت سلمان وبلال کے اس راز کا بھیدی ہے؛ روئے جاناں بے خط وخال ہے؛ اس مقام کے بارے میں قیل و قال کی کیا گنجائش ہے؛ ہر حال ان کا منصب ہے۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم شاہ نعمت اللہ کے لیے: اس کوچے میں نامحرم کا گذر نہیں؛ ہر کوئی شاہی خدمت کے لائق نہیں ہوتا؛ دائمی ذکر اور فکرِ تمام کے ساتھ؛ اس کے دعویٰ عشق کا کوئی گواہ نہیں؛ عاشق کے سوا کوئی روسیاہ نہیں؛ دنیا کے طالب کو اس درگاہ میں حرمت نہیں ملتی؛ دنیا کی شان وشوکت پر عاشق کی نگاہ نہیں؛ عاشق کی نظر میں یہ دنیا گھاس کی پتی سے بھی کم ہے؛ عاشق خزانے اور دفینے پر مائل نہیں؛ اس کا دل آہ ونالہ سے فارغ نہیں؛ رفیع قلندر کو مسجد اور کنویں کی حاجت نہیں؛ بہشت کے عیش اور عذابِ دوزخ کی اسے پرواہ نہیں۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

عاشق صاحب قرار ہے؛ ہمیشہ نظارۂ دل دار میں غرق ہے؛ جُبّہ و ستار سے فارغ ہے؛ نماز، روزے سے کیا سروکار ہے؛ اسے جنت کے نشیمن اور سایۂ طوبیٰ سے عار ہے؛ کہ یہ نہ سمجھ لینا کہ دیوانہ بہ کارِ خویش ہشیار ہے۔

جس نے بوجھا، اس نے جانا۔

* * *

برادرم شیخ غلام محی الدین کے لیے: طالبِ مولیٰ بے نیاز ہے؛ اس سبب سے کہ خدا کارساز ہے؛ نہ پاؤں بر نشیب وفراز ہے؛ عاشق تو خود سرفراز ہے؛ یہ حکایت از دور و دراز ہے؛ کہ تم کہیں یہ نہ سوچو کہ یہ مجاز کی بات ہے؛ عاشق اونچا اڑنے والا شاہ باز ہے؛ محبوب کی خلوت کا محرمِ راز ہے؛ از بسکہ ہمیشہ سوز وساز والا ہوتا ہے؛ عقل سے روح تک پگھل چکا ہے؛ کہ تو یہ نہ سمجھے کہ عاشق بے نماز ہے۔

جس نے بوجھا اس، نے جانا۔

## حوالہ جات و حواشی:

۱۔ Ataullah, *Iqbāl Nāmah*, Sh. M. Ashraf, Lahore, 1946, Vol. I. p. 78. Revised one volume edition, Iqbal Academy Pakistan, Lahore, 2007, p. 112.

عطاءاللہ، اقبال نامہ، اقبال اکادمی، ۲۰۰۷ء، ص، ۱۱۲۔

"اس میں ذرا بھی شک نہیں کہ تصوفِ وجودی سرزمین اسلام میں ایک اجنبی پودا ہے جس نے عجمیوں کی دماغی آب وہوا میں پرورش پائی ہے۔"

۲۔ ر۔ک: شیر خان لودھی، مرأة الخیال، بمبئی، ۱۳۲۴ھ؛ علی قلی والاداغستانی، [م۔ ۱۱۸۴ھ]، ریاض الشعراء نسخہ خطی، پنجاب یونی ورسٹی لائبریری، شمارہ PF-I-17، مرقومہ ۱۱۹۳ھ؛ لطف علی خان بیگ آذر، آتشکدۂ آذر، محمد علی علمی، ایران، ۱۳۳۷ ش۔

۳۔ ”مولانا ابوالکلام آزاد تو نثر کا آرائشی فریم صرف اپنے پسندیدہ فارسی اشعار ٹانکنے کے لیے استعمال کرتے ہیں، ان کے اشعار بے محل نہیں ہوتے، ملحقہ نثر بے محل ہوتی ہے۔ وہ اپنی نثر کا تمام تر ریشمی کوکون [کویا] اپنے گاڑھے گاڑھے لعابِ ذہن سے فارسی شعر کے گرد بنتے ہیں۔“ مشتاق احمد یوسفی، آبِ گم، دانیال، کراچی، ۱۹۹۹، ص-۲۶۔

۴۔ ابوالکلام آزاد، سرمد شہید، ادبستان، لاہور، ۱۹۷۳ء، ص-۳۳۔

۵۔ ر۔ک: شیر خان لودھی، مراۃ الخیال، بمبئی، ۱۳۲۴ھ، ص-۳۲۴۔

۶۔ ر۔ک: ذوالفقار اردستانی، دبستانِ مذاہب، کانپور، ۱۳۲۱ھ؛ ہمارے پیشِ نظر جو نسخہ ہے وہ اقبال اکادمی پاکستان کو حکومتِ ایران کا تحفہ تھا اور ۱۲۷۱ھ / ۱۸۵۰ء کی سنگی اشاعت کا عکسی نسخہ ہے۔

۷۔ www.elijah-interfaith.org

۸۔ The Dabistan or School of Manners, TRANSLATED FROM THE ORIGINAL PERSIAN, WITH NOTES AND ILLUSTRATIONS, by DAVID SHEA, PRINTED FOR THE ORIENTAL TRANSLATION FUND OF GREAT BRITAIN AND IRELAND, BENJAMIN DUPRAT/ ALLEN AND CO., LEADENHALL-STREET, LONDON, 1843.

۹۔ یعنی رقعاتِ سرمد شہید، جو منشی قربان علی بسمل نے اپنے شاہجہانی پریس دہلی میں 23 محرم 1345ھ میں طبع کرائے [بارِ اوّل]۔

۱۰۔ Khaliq Ahmad Nizami, The Encyclopaedia of Islam, New Edition, Vol. VII, Brill, 1993, pp. 452

۱۱۔ جس دوست نے ربّی ایلون کو دیوناگری متن تیار کر کے دیا تھا وہ شاید فارسی میں کمزور تھے؛ متن کے بہت سے مقامات سر توڑ کوشش کے باوجود گرفت میں نہیں آتے تھے!

۱۲۔ کتب خانہ علی گڑھ یونی ورسٹی، ضمیمہ فارسیہ، ۷۰ / ا۔

۱۳۔ Alon Goshen-Gottstein, "Scripture and Memory– The Jewish and Multiple Religious Identity of Sa'id Sarmad," (unpublished article).

۱۴۔ دیکھیے حاشیہ ۸۔

۱۵۔ Qur'an, 5: 44-46.

۱۶۔ چند حوالوں کا تذکرہ ہو چکا، مزید کچھ یہاں درج کیے جا رہے ہیں۔

The Rubaiyat of Sarmad, translated by Syeda Saiyidain Hameed, Indian Council for Cultural Relations, Azad Bhavan, Indraprastha Estate, New Delhi-110002,1991; Ezikiel, Sarmad the Jewish Saint of India, Punjab, India, (3rd Ed. 1988); Paul Smith, Ruba'iyat of Sarmad, Book Heaven, Victoria, Australia, 2012, ISBN 978 1479346615; M. G. Gupta, Sarmad Saint, Delhi, India, 2010, ISBN 978 8191002980.

ابوالکلام آزاد، سرمد شہید، ادبستان، لاہور، ۱۹۷۳ء۔

۱۷۔ ہندو گیانیوں کی نمائندہ عبارت کے لیے دیکھیے ضمیمہ چہارم۔

۱۸۔ یاد رہے کہ میر صاحب کی دلی میں ”درویش“ کا لفظ ملنگوں، تارکِ عبادات، نشہ باز، بہروپیوں کے لیے استعمال ہوتا تھا۔

۱۹۔ جو اس زمانے کا کیا آج کا بھی کوئی ماہر صاحبِ علم تیار کر سکتا ہے۔ ہمارے احباب ہی میں سے احمد جاوید صاحب یا تحسین فراقی صاحب اس سے بہتر اور دل نشین عبارت ”تخلیق“ کر سکتے ہیں۔

۲۰۔ *Ar-Raḥmān*, the All-Merciful, expresses above all "God's Mercy towards Himself", that is, the infinite Beatitude. Unlike the Mercy of *Ar-Raḥmān*, which is merely reflected on the earthly plane, the Mercy of *Ar-Raḥmān* reaches down to earth as a rope thrown down from Heaven.

۲۱۔ This Name expresses the truth that God gives "without reckoning", both more than is deserved and more than is asked for.

۲۲۔ This form expresses the repeated action of Him who forgives over and over again. The Arabic root has the basic meaning of "covering up", "concealing".

۲۳۔ The one who "covers up" the sins and shortcomings.

۲۴۔ This denotes the day of festivity at the end of the month of Fasting (*Ramaḍān*).

۲۵۔ This refers to the mysterious night in the last ten night of the month of Fasting (*Ramaḍān*) in which every act of worship, every meritorious act, is rewarded with a reward which is incommensurably greater that the ordinary reward. The same night is known to be the night when decrees are made and everything that the created order has to receive is measured out.

۲۶۔ Literally, it means "meeting".

۲۷۔ This refers to the famous verse of the Qur'ān which was revealed in the context of Divine succor in the face of hardship and trials. The complete verse is: "Give glad tidings to the people of forbearance and patience who, when stricken with a calamity, say, 'verily we are for God and verily unto Him we return'. These are the folk upon whom descends the grace and blessings of their Lord and His Mercy and these are the ones who achieve felicity in the hereafter."

۲۸۔ *Al-Taḥiyyāt* (Greetings), also called julūs (sitting posture) in Arabic, refers to the sitting position in the Muslim ritual prayer (*ṣalāh*) which follows the prostrations and, when it occurs in the second or in the final cycle (rak'ah) of the prayer is the first repose which the body is allowed since the beginning of the *ṣalāh*. This relaxation is identified with the Peace of our finality, that Peace being the central theme of the *taḥiyyah* (greeting) which is uttered while the person remains seated. From the point of view of the mystics it symbolizes that, from now on the human plane has been transcended: the soul's supplication has been transformed into the Spirit's affirmation of Paradisal Peace. The opening of the *taḥiyyah* announces the reintegration of all the good that God had manifested of Himself for the sake of our representing Him on earth. In other words, body and soul have been reabsorbed into the Spirit on their way of return to our own Transpersonal Essence.

۲۹۔ That is, "spiritually poor", people with inner detachment and renunciation.

۳۰۔ A common Persian, Urdu expression that denotes lack of sincerity, improper comportment or behaviour, inadequacy of formal correctness and courtesy (adab).

۳۱۔ An allusion to the Qur'ānic verse which speaks of those religious scholars/leaders who "are like donkeys laden with books."

۳۲۔ An idiomatic expression indicating an exercise in futility, and when used for a person it indicates a talkative liar.

۳۳۔ *Nān i khaṭā'ī* is a delicacy, a special biscuit made of wheat flour, sugar, condiments and cooked overnight in the oven.

۳۴۔ i.e. face humiliation and embarrassment.

۳۵۔ *Maqṣad* (objective, purpose, aim).

۳۶۔ Qalandar is a title usually given to a mystic who can pierce through forms and has transcended denominations and differentiations.

In the context of Persian and Arabic Sufi writings the word "poverty" (faqr, darwīshī) is synonymous with Sufism, and a "poor man" (faqīr, darwīsh) is a Sufi. In other words, the dervish or fakir is he who has entered the spiritual path under the guidance of a Shaykh. In Rūmī's works, these two words are usually synonymous with "saint," although sometimes, especially in stories in the Mathnawī, he employs the term dervish with a view toward those who falsely claimed to be Sufis. His use of the word "Sufi" is similar, while the term "Kalander" (qalandar) usually denotes a Sufi who has achieved the highest stage of annihilation. Like the mythical Salamander, he passes in and out of fire without suffering harm: Having been annihilated by its flames, he has achieved subsistence.

Rūmī often employs the term “poverty” in a context showing that it is synonymous with “annihilation” and “nonexistence.” The dervish is he who is “poor” because he has nothing of “his own.” He is totally empty of selfhood. The true “poor man” is in truth the richest of all men, since, not existing himself, he subsists through the Self. This then is the significance of the Prophet’s saying, “Poverty is my pride.”

The word rafī’ that I have translated as “exalted” has to be checked with the Persian script. If it is correctly transcribed and it is actually the word rafī’ in Persian then it could be understood to connote two cognate meanings: in the first case it would be rendered as “this is also the very Path of an exalted Qalandar”; the other reading, keeping in view the predilection of Sarmad to hyperbole and ecstatic utterances of self-glorification, would be “and is also the Path of this exalted Qalandar.”

۳۷۔ Name of an exotic dainty dish made of mutton/bird meat mixed with cereals and spices.

۳۸۔ The crisp layer of rice underneath in the sweet and salted dishes of steamed rice, regarded as a delicacy.

۳۹۔ That is, the religious paraphernalia.

۴۰۔ That is, works of public charity.

۴۱۔ This expression, like the earlier “casino of Love” is yet another example of the use of extremely common tropes of Persian Sufi poetry which the person who “manufactured” this compendium skilfully employs. It is directly copied– like so many other expressions, figures of speech, metaphors and tropes– from the earlier Sufi masters and sages. In this case it is from Saʿdī who had quoted the famous Arabic dictum “*niʿma ʾl-amīri alā bābi ʾl-faqīr wa biʾsa ʾl-faqīri ʿalā bābi ʾl-amīr*” (the best of the rich is the one at the door of the fakir while the worst of fakirs is the one at the door of the rich!) and then versified it in his own quatrain in his Gulistān.

۴۲۔ An expression signifying extreme humility and annihilation.

۴۳۔ He uses a lot of word-play that was quite common in the ornate Persian prose of his day. This is just one example; kas: is an entity and with the prefix of bay kas it denotes one who is utterly powerless. Also the literary device of alliteration: kas, bay kas, bas, hawas, pas, nafas, jaras, qafas, abath all follow in sequence.

۴۴۔ He is playing with the root-meaning of the name of his addressee ‘Abd al-Razzāq, as both the words Rāziq and Razzāq stem from the same triliteral root r.z.q meaning providing sustenance.

۴۵۔ (Qur’ān, 21: 23). A reference to the Qur’ānic verse “He is not questioned لا یسئل عما یفعل وھم یسئلون about what He has done but they shall be questioned about (their deeds)”.

۴۶۔ The actual Persian is Khānqāh i.e. A Sufi Centre.

۴۷۔ The actual Persian is mard i.e. a chivalrous person.

۴۸۔ He is playing with the double entandÈ: the literal meaning of shifā (cure) and qānūn (canon) and titles of two most important and seminal works on medicine by Ibn Sīnā.

۴۹۔ The metaphor shāhbāz was established by Rūmī for the function of prophethood (All the king’s falcons) and shāhīn, like the sīmurg, is the quasi mythical bird from the species of the large eagles. In Persian and Urdu poetic terminology, nurtured by Sufism, these metaphors stand for independence, courage, high aspirations and lofty ideals.

۵۰۔ A common expression to denote the two domains of the sacred and the profane.

۵۱۔ The second part of the first shahadah, the affirmation.

۵۲۔ The second shahadah.

۵۳۔ Laylā (lit: night) is the proverbial, symbolic name for the Beloved: The Biblical “I am black but beautiful.”

This is the reference to the famous proclamation *anā al-Ḥaq* of Maṣūr Ḥallāj, "I am the Truth." From the exoteric point of view of the *Sharī'ah*, such assertions are blasphemy and unbelief, but in the language of the esoteric path or mysticism (*Ṭarīqah*) and *Ḥaqiqah* (Reality) they are the simple truth. While making such exclamations the Sufis were making no crude claim to divinity but rather expressing a basic truth about the human condition, its rootedness in the divine and the negation of their own separate existence which, in ontological terms is a denial of its being a self-contained, self-sufficient, autonomous reality. ۵۴۔
The Islamic perspective affirms continually the Transcendence of God and also His Immediate Presence, as do the sacred books of all orthodox religion; but because the Islamic mystical theology, and in the present case mystical poetry, tends to dwell especially upon His Immediate Presence, as expressed in this proclamation, it has been concluded by some that it is a pantheistic perspective. This conclusion is totally false: as has been said in defense of the Red Indian against the same accusation of pantheism, it may also be said of the Sufi that "he does not for one moment imagine that God is in the world; but he knows that the world is mysteriously plunged in God." (See, Frithjof Schuon, "Apercus sur la Tradition des Indiens de l' Amerique du Nord", Etudes Traditionnelles, 1949, p. 164. See also Titus Burckhardt, Du Soufisme, P. Derain, Lyon, pp. 17-20.)

He who has reached the end of the Path. ۵۵۔

Or, literally, make my nest/abode in myself. ۵۶۔

The names of two great Persian monarchs who were the founders of dynasties. ۵۷۔

Dargāh, a metaphor for a position of great esteem. ۵۸۔

The reference is to the Qur'ān 112:1-4, that speaks of the Islamic conception of the One: "Say: He, God, is One God, the Self-Sufficient Besought of all, He begets not, nor is begotten, And there is none like unto Him." ۵۹۔

The reference is to the well-known Sufi trope of *nafas al-Raḥmān* (The Breath of the All-Merciful; the Hebrew nephesh) i.e. the "Divine Breathing Out", the creative, radiating Act of the Supreme Principle projecting it into manifestation. In Persian, especially in its poetic terminology, the same idea was expressed in myriad forms, borrowing its metaphors from the "Garden" of existence hence the cool morning breeze (nasīm) that vivifies it. The parallels in Hindu metaphysics/mythical narratives of "Breathing Out" of Brahma" would not be lost on the readers! ۶۰۔

Alif (the Hebrew elef, is the first letter of the Arabic alphabet. It is also the first letter of the Divine Name ﷲ, or the Name of the Essence. ۶۱۔

The mystery of He/not He begins in the Divine Self and extends down through every level of existence. In clarifying the manner in which God is found– in affirming the "He" in all things– Ibn al-'Arabī also affirms the Not He and explains the nature of everything that fits into that category, i.e., "everything other than God" (mā siwā Allāh), which is how Muslim thinkers define "the world" (*al-'ālam*). ۶۲۔

In the inimitable words of Rūmī (Mathnawī (Nicholson edition), book III, verse 125): ۶۳۔
There is a relation, without being able to ask how,
without being able to compare it to anything,
Between the soul of man and the Lord of the soul.

اتّصالِ بے تکیّف بے قیاس     ہست ربّ النّاس را با جانِ ناس

Or a friend in need. The actual construct is yār i ghār, the companion/friend/helper of the cave. ۶۴۔
An allusion to the journey of the migration of the Prophet from Mecca to Madīnah when the

Prophet was hiding in a cave with Abū Bakr (closest companion and his successor) to throw the enemies off his tracks. Abū Bakr, the first Muslim, his close associate, his first successor and his father in law, was his sole friend and helper during the journey.

Reference is to the Qur'ānic verse (41: 53) "He is the First (Al-Awwal) and the last (Al-Ākhir) ۶۵۔
and the Outwardly manifest (*Al-Ẓāhir*) and the Inwardly Hidden (*Al-Bāṭin*). First and foremost, the verse contains the premise that there is a level of things that transcends physical reality and this level of potentiality not only exists but is the foundation for all existence, a view which sounds very much like the doctrines from Vedanta, Christian Mystical Theology, Kabbalah, Islamic Metaphysics, the Far Eastern Doctrines, Muslim sages and mystics.

That is the acts that are prescribed by the religious law and things that are forbidden by it. ۶۶۔

That is "Muhammad is His Messenger" ۶۷۔

Two of the intellectual sciences cultivated by the philosophers and the jurists/scholars of Law. ۶۸۔

Literally, since the beginning of time ۶۹۔

Literally, asking/demanding/imploring for a glimpse of the beloved. ۷۰۔

This, and what comes in the next three sentences, remains obscure unless one keeps in mind ۷۱۔
the elaborate system of imagery, poetic diction and symbolism developed by Persian language, based on the parts of the human body, when Persian became the vehicle of wisdom poetry and language of the soul under the influence of Sufism. The basis of this symbolism was already quite developed in Arabic Sufi poetry. Persian embellished it and brought to it its particular ethnic genius. Black moles, pretty cheeks and locks of hair all refer to Divine epiphanies or else manifestation of the traces of the Divine Attributes.

See Note 43 ۷۲۔

One of the honorific names of the Prophet, meaning, "The Chosen One" ۷۳۔

A collyrium or medicine for eyes ۷۴۔

He refers to the apocryphal statement, sometimes quoted as a ḥadīth, which is of very ۷۵۔
questionable authenticity, which says "I am احمد Aḥmad and there is no mīm". The play is like this: Aḥmad is one of the names of the Prophet mentioned in the Qur'an (where Jesus is making a prophecy about his coming) meaning "the praised one, one who is praised with great praise". If you take away the mīm in احمد Aḥmad the remaining is Aḥad which means the One (God)! Insinuation is that the Prophet is a Divine manifestation. A rather crude way of describing the function of the avatar.

Literally, without head and foot ۷۶۔

A dainty dish of rice cooked with meat, usually lamb or mutton, layers of rice of various ۷۷۔
colours with spices and condiments.

A dainty sweet dish of rice or noodles cooked with saffron ۷۸۔

Chicken roast ۷۹۔

Reciting "I seek refuge in God" constantly. This is one of the standard litanies of Sufis and ۸۰۔
ordinary religious Muslims alike, similar to the Catholics and the Hysecasts asking forgiveness for ones sins.

The actual word used in "pouch", "sack" of qualities. ۸۱۔

Hence the motif of Sufi poetry *ṣāḥib jamāl* (having beauty, possessor of beauty, beautiful), a ۸۲۔
metaphor for the Divine Beloved.

The Abyssinian freed slave of Muhammad, one of the nearest Companions and lifelong ۸۳۔
member of the house hold.

۸۴۔ One of the famous Companions. Salmān had hailed from Persia. As a seeker of truth he took many a long journey and finally arrived in Madinah, following the advice of his mentor, a venerated old Christian Monk on his death bed, as a slave of a Jewish establishment. He chanced upon Muhammad one day and after observing the signs of prophethood described to him by the Monk, entered Islam. In his quest, he is said to have followed many religions earlier and was a regular man of worship (prayer) fifteen years before his encounter with Muhammad.

۸۵۔ See note 49

۸۶۔ The actual expression is "qīl o qāl" (it has been said, he said this…", an expression which, in Persian, denotes conflicting opinions, controversy, debate, argumentative discussion

۸۷۔ i.e. intellection, meditation, pondering over divine realities, dhiyāna

۸۸۔ Rū siyāh, i.e. one whose face have been charred. A metaphor for soiling ones repute and public esteem as in olden days (in some places to date) the sinner or the culprit was made to march in public, with his face smeared with something black, often on a donkey, to add insult and shame to the punishment

۸۹۔ Dargāh, a metaphor for a position of great esteem

۹۰۔ A well-known metaphor for works of "public charity"

۹۱۔ Dildār is the word used in the text; the one who is the "keeper" of his heart

۹۲۔ The paradisal tree that, according to the tradition, God himself planted in the Garden of Eden

۹۳۔ تمام اسلامی زبانوں کے عارفانہ ادب میں یہ مقولہ کسی نہ کسی شکل میں ملتا ہے: گل سمجھی تے رولا کی؟

۹۴۔ دیگ کی کھرچن، تہِ دیگ

۹۵۔ لایسئل عما یفعل وہم یسئلون، قرآن، ۲۱:۲۳


**Abstract**

This article presents thoroughly annotated 23 Ruq'at-e Sarmad comprising four sections: brief life account of mystic and poet Sarmad; Persian text of the Ruq'at; their English translation; and their Urdu translation. The Ruqa't are replete with a deeper mystical truth. Sarmad was an Iranian Jew, who converted to Islam. About 300 rubaiyat in Persian, belonging to Sarmad, a small number of texts in the form of ghazal, qit'a, a few she'rs of the poet and his letters were also found. Reminiscences of his contemporaries serve as the sources of information about Sarmad. Among them are the memoirs of Bernier and Manucci and anthologies — tazkira — such as Dabistān-i mazāhib, the author of which is considered to have been Sarmad's peer, Riyāz ash-shu'arā' of Waleh Daghistani also known as 'Ali Quli Khan and several others. Sarmad's name appears also in biographies, such as Mir'at al-Khayāl by Sher Khan Lodi, Majma'an-Nafā'is by Siraj ad-Din Ali Khan Arzu, Riyāz al- 'Ārifīn by Riza Quli Khan. Maulana Abul Kalam Azad found Mir'at al Khayal the most authenticated work on Sarmad. It can also be found in historical chronicles, Mir'at al-'ālam by Muhammad Bakhtawar Khan and others. Dabistān-i mazāhib and Riyāz ash-shu'arā' are the most valuable ones among the rest.


**Keywords:** Mystic Sarmad, Ruq'at-e Sarmad, Dabistan-e Mazahib.